[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No...............**

**Sr. No. of Question Paper : 2335** **L**

Unique Paper Code : 2142203602

Name of the Paper : Urdu Tanz o Mazah

Name of the Course : **B.A. (P) Urdu**

Semester : VI

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے:

(الف)

"کتوں کے بھونکنے پر مجھے سب سے بڑا اعتراض یہ ہے کہ ان کی آواز سوچنے کے تمام قویٰ معطل کر دیتی ہے۔ خصوصاً جب کسی دوکان کے تختے کے نیچے سے ان کا ایک پورا خفیہ جلسہ سڑک پر آ کر تبلیغ کا کام شروع کر دے تو آپ ہی کہیے ہوش ٹھکانے رہ سکتے ہیں؟ ہر ایک طرف باری باری سوچنا پڑتا ہے، کچھ ان کا شور کچھ ہماری صدائے احتجاج، زیرِ لب بے ڈھنگی حرکات وسکنات۔ اس ہنگامے میں بھلا دماغ کام کر سکتا ہے؟ اگرچہ یہ مجھے بھی نہیں معلوم اگر ایسے موقع پر دماغ کام کرے بھی تو کیا تیر مار لے گا؟ بہرصورت کتوں کی یہ پرلے درجے کی نا انصافی میرے نزدیک ہمیشہ قابلِ نفریں رہی ہے۔ اگر ان کا ایک نمائندہ شرافت کے ساتھ ہم سے آ کر کہہ دے کہ عالی جناب سڑک بند ہے تو خدا کی قسم ہم بغیر چون وچرا کئے واپس لوٹ جائیں اور یہ کوئی نئی بات نہیں ہے ہم نے کتوں کی درخواست پر کئی راتیں سڑکیں ناپنے میں گذار دی ہیں۔ لیکن پوری مجلس کا یوں متفقہ طور پر سینہ زوری کرنا ایک کمینہ حرکت ہے۔"

P.T.O.

(ب)

کہا مجنوں نے یہ اچھی سنائی
کجا عاشق کجا کالج کی بکواس

بڑی بی آپ کو کیا ہو گیا ہے
ہرن پر لادی جاتی ہے کہیں گھاس

یہ اچھی قدر دانی آپ نے کی
مجھے سمجھا ہے کوئی ہرچرن داس

دل اپنا خون کرنے کو ہوں موجود
نہیں منظور مغز سر کا آماس

یہی ٹھہری جو شرط وصل لیلیٰ
تو استعفا مرا با حسرت و یاس

۲۔ 'اردو شاعری میں طنز و مزاح' کے عنوان سے ایک مضمون لکھیے۔

۳۔ طنز و مزاح کے فن پر اظہارِ خیال کیجیے۔

۴۔ اردو نثر میں طنز و مزاح کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

۵۔ پطرس بخاری کی مزاح نگاری کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

۶۔ مضمون 'مرشد' کا تجزیہ کیجیے۔

۷۔ رشید احمد صدیقی کی طنز و مزاح نگاری کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

۸۔ مشتاق احمد یوسفی کے فکر و فن پر روشنی ڈالیے۔

۹۔ اکبرالہٰ آبادی کی شاعری کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔